
من مانی

# پہلی اکائی



استاد: السّلام علیکم، بچّو!

طلبہ: وعلیکم السّلام۔

* سنو اور دہراؤ۔

## حمد

کون ہے مالِک ، کون ہے آقا
کون ہے حاکم ، کون ہے راجا
بولو بچّو ، اللہ اللہ

چَلا رہا ہے کون ہوائیں
اُڑا رہا ہے کون گھٹائیں
بولو بچّو ، اللہ اللہ

کہو ، کون بادل برسائے
کون زمیں سے اناج اُگائے
بولو بچّو ، اللہ اللہ

226NVG

من مانی

# بچّے کا تعارف



استاد : تمھارا نام کیا ہے؟

انور : انور

استاد : تمھیں کیا اچّھا لگتا ہے؟

انور : مجھے کھیلنا اچّھا لگتا ہے۔



استاد : تمھارا نام کیا ہے؟

شبنم : شبنم

استاد : تمھیں کیا اچّھا لگتا ہے؟

شبنم : مجھے گانا اچّھا لگتا ہے۔



22FJX4

تصویر دیکھو اور تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے بتاؤ۔



ہاتھ پھیرو۔

* تصویروں کی جوڑیاں لگاؤ۔

الف








ب








* خرگوش کیسے چلتا ہے؟ ہاتھ کی حرکت سے بتاؤ۔

مُرغا کیسے بانگ دیتا ہے؟

کھٹّے انگور کھانے سے مُنہ کیسا بن جاتا ہے؟ کرکے دِکھاؤ۔

22PFYR

# میرا بدن

یہ میرے ہاتھ
دو دو ہاتھ






یہ میرے پیَر
دو دو پیر

یہ میری آنکھ
دو دو آنکھ





یہ میرے کان
دو دو کان




یہ میری ناک
ایک ہی ناک

* لفظوں کو سن کر اس کے آخر میں آنے والی آواز کو ادا کرو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہاتھ | پیر | آنکھ | کان | ناک |



ہاتھ پھیرو۔



# کھیل کا گیت

* سنو اور بولو۔



آؤ گھیرا ایک بنالیں
اپنے اپنے ہاتھ ملا لیں

سینہ تان کھڑے ہوجائیں
پھر اُوپر گردن بھی اُٹھائیں

ایڑی سے ایڑی کو مِلا کر
پیروں کے پنجے پَھیلاکر

اپنے اپنے پاؤں اُٹھائیں
چلتے جائیں ، چکّر کھائیں


پہلے پُورا چکّر کھالیں
چکّر کھا کر دل بہلالیں

پھر ہم سب رُک جائیں دَم بھر
آگے کو بڑھ جائیں قدم بھر

بیٹھ کے اُٹھیں ، اُٹھ کر بیٹھیں
سر اونچا ہو ، سامنے دیکھیں

(محمد شفیع الدّین نیّر)

ہاتھ پھیرو۔



* میں لفظ بولتا ہوں، اسے غور سے سنو اور اس کی آخری آواز پہچانو۔

| | |
|---|---|
| اوپر    پیر    چکّر | نل    جال    رُومال |

| | | |
|---|---|---|
| تان | گردن | بدن |

* میں لفظ بولتا ہوں، اُسے غور سے سنو۔ اس لفظ کی ہر آواز کو الگ الگ کر کے بولو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بارش | گلاب | جالی | جہاز |
| مالک | پانی | عورت | انسان |

* میں لفظ بولتا ہوں۔ اسے غور سے سنو۔ اس کی آوازوں کو جوڑ کر بولو۔

| | | |
|---|---|---|
| کا ... ر | ا ... جا ... لا | ل ... ڑ ... کا |

* سنو اور عمل کرو (اشاراتی زبان)

ہاتھ باندھو۔



خاموش بیٹھو۔

یہاں آؤ۔


واپس جاؤ۔

کھڑے ہو جاؤ۔




بیٹھ جاؤ۔

ہاتھ پھیرو۔



ہاتھ پھیرو۔



* میں لفظ بولتا ہوں، اسے غور سے سنو اور ان کی پہلی آواز پہچانو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کپڑا | کپ | کڑھائی | مور | مُرغا | مچھلی |

| | | |
|---|---|---|
| بَطَخ | بلّی | بکرا |

* آواز سن کر لفظ بولو۔

'س' سے شروع ہونے والے لفظ بولو۔ مثال: سر

ایسا لفظ بولو جس کے بیچ میں 'س' آتا ہو۔ مثال: کسان


ایسا لفظ بولو جس کے آخر میں 'س' آتا ہو۔ مثال: بس

'پ' سے شروع ہونے والے لفظ بتاؤ۔ مثال: پتنگ

ایسا لفظ بتاؤ جس کے بیچ میں 'ر' آواز ہو۔ مثال: اَدرک

ایسا لفظ بتاؤ جس کے آخر میں 'ل' آواز ہو۔ مثال: ریل

* نیچے کچھ شکلیں دی ہوئی ہیں۔ ہر گروپ میں سے الگ شکل پہچان کر اس کے گرد دائرہ بناؤ۔



23H44P

ہاتھ پھیرو۔

## تصویر - لفظ

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| نجمہ | انور | گھر |

## * ایک جیسے (یکساں) لفظوں کی جوڑیاں لگاؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| نجمہ | انور | گھر |
| انور | گھر | نجمہ |

## دیکھو اور بولو۔

یہ  ہے۔ یہ  ہے۔ یہ  ہے۔

## لفظ بولو۔

 نکلا۔

 بولا۔

  سے نکلا۔

 بجی  کھلا۔

# دکان کی سیر






دکان میں اناج کے تھیلے رکھے ہوئے تھے۔ - ذاکر

رحمت چاچا شکر تول رہے تھے۔ - ثروت

دکان میں پاپڑ بھی ملتے ہیں۔ - عائشہ

.......................................... - ..................

.......................................... - ..................

ہاتھ پھیرو۔

ہاتھ پھیرو۔

# پرندوں کی بولیاں

آؤ ، ہم سب بنیں پرندے
اُڑتے جائیں مزے مزے سے



ککڑوں کوں ککڑوں کوں بولیں
گردن اکڑا کر پَر کھولیں



کوک لگائیں کؤکؤ کؤکؤ
پَپیہے جیسا پیہؤ پیہؤ



کائیں کائیں کوّے بن جائیں
طوطے کی ٹیں ٹیں میں گائیں





چِڑیوں کی ہو چؤں چؤں چؤں چؤں
اور کبؤتر کی غٹرؤں غؤں



ڈال ڈال پر جھؤلا جھؤلیں
آسمان کو جاکر چھؤلیں

(سلیم شہزاد)

ہاتھ پھیرو۔

# شکاری اور خرگوش

شکاری کا جنگل میں جانا ......خرگوش کا نظر آنا ...... ایک خرگوش پکڑ لینا ...... دوسرا خرگوش نظر آنا ......اسے بھی پکڑنے کی لالچ کرنا ...... پہلے خرگوش کا بھی ہاتھ سے چھوٹ جانا۔

